# دفتر تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن کرک

## اشتہار نیلام عام (E-Auction) ٹھیکہ جات برائے سال 2026-2027

بحوالہ لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخوا مراسلہ نمبر AOII/LCB/6-11/2026، بتاریخ 07-05-2026، تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن کرک مندرجہ ذیل ٹھیکہ جات برائے سال 2026-2027 (از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027) درج ذیل پروگرام کے تحت نیلام کرنا چاہتی ہے۔ خواہشمند حضرات جو 2026-2027 کے لیئے لوکل کونسل بورڈ، حکومت خیبر پختونخوا کے ساتھ متعلقہ کلاس میں رجسٹرڈ ہوں، تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن کرک یا کسی اور بلدیاتی ادارے کا نادہندہ نہ ہو، محکمہ لوکل گورنمنٹ الیکشن اینڈ رورل ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی ویب سائٹ www.cfmis.lgkp.gov.pk پر وزٹ کر کے نیلامی میں حصہ لے سکتے ہیں۔ شیڈول نیلامی درج ذیل ہے۔

| نمبر شمار | نام ٹھیکہ | زرِ بیعانہ (روپے) | نیلامی کی پہلی تاریخ |
|---|---|---|---|
| 1 | میلہ مویشیاں تتمبر | 250000/- | 08 تا 10 جون 2026 بوقت 9:00 تا 4:00 بجے |
| 2 | شاپ اڈہ تتمبر | 50000/- | ایضاً |
| 3 | میلہ مویشیاں کرک | 100000/- | ایضاً |
| 4 | میلہ مویشیاں میٹھا خیل | 150000/- | ایضاً |
| 5 | میلہ مویشیاں صابر آباد | 100000/- | ایضاً |
| 6 | شاپ اڈہ صابر آباد | 20000/- | ایضاً |
| 7 | شاپ اڈہ میٹھا خیل | 20000/- | ایضاً |
| 8 | جنرل بس سٹینڈ کرک | 200000/- | ایضاً |
| 9 | انٹری فیس کرک سٹی | 200000/- | ایضاً |
| 10 | انٹری فیس ناشپہ آئل فیلڈ | 300000/- | ایضاً |
| 11 | سائن بورڈ | 100000/- | ایضاً |
| 12 | کنزروینسی فیس | 500000/- | ایضاً |

### چیدہ چیدہ شرائط نیلامی

1۔ نیلامی E-Baldia/e-auction System کے ذریعے ویب سائٹ https://cfmis.lgkp.gov.pk پر اوپر دیئے گئے شیڈول کے مطابق منعقد کی جائے گی۔ نیلامی میں شرکت کو تمام شرائط وضوابط کی مکمل اور غیر مشروط قبولیت تصور کیا جائے گا۔

2۔ بولی دینے سے پہلے ویب سائٹ پر دی گئی ہدایات/شرائط وضوابط کو غور سے پڑھ کر سمجھ کر آن لائن سسٹم پر سوچ سمجھ کر بولی دیں۔

3۔ غلط بولی کی ذمہ داری بولی دینے والے پر عائد ہوگی اور بولی کے بعد واپس نہیں لی جائیگی۔

4۔ بولی دہندگان ویب سائٹ پر درج کردہ غلط معلومات دینے کے نتیجے میں ٹھیکہ دار کو بلیک لسٹ کیا جائے گا۔

5۔ نیلامی میں صرف وہی ٹھیکیدار/فرم حصہ لے سکتے ہیں جو متعلقہ زمرے میں برائے سال 2026-2027، لوکل کونسل بورڈ میں باقاعدہ رجسٹرڈ ہوں اور سابقہ ٹی ایم اے کرک یا کسی بھی بلدیاتی ادارے کے بقایادار/نادہندہ نہ ہوں۔

CamScanner

6۔ ہر ٹھیکہ کے لیے گزشتہ سال کی کل آمدنی کے مندرجہ بالہ **پانچ فیصد** (5%) کے برابر کال ڈپازٹ / سی ڈی آر ٹی ایم اے کرک کے حق میں نیلامی کی آخری تاریخ سے کم از کم دو (2) **دن قبل** سسٹم پر اپ لوڈ کرنا لازمی ہے۔

7۔ کامیاب بولی دہندہ **تین** (3) **دن** کے اندر **پندرہ فیصد** (15%) **پیشگی** اور **پانچ فیصد** (5%) **سیکیورٹی** ٹی ایم اے کرک کے اکاؤنٹ میں جمع کرائے گا۔ عدم ادائیگی پر بولی منسوخ اور کال ڈپازٹ ضبط ہو گا۔ ٹھیکہ دوسرے بلند ترین بولی دہندہ کو پیش کیا جا سکتا ہے۔

8۔ سالانہ وصولی کے ٹھیکہ جات میں **پچاس فیصد** (50%) **پیشگی** اور بقیہ **تین مساوی اقساط** میں ادا کیا جائے گا۔ ماہانہ قسط ہر ماہ کی **پانچ** (۵) **تاریخ تک** لازمی ہے۔ تاخیر پر **دو فیصد** (۲%) **جرمانہ** اور پندرہ (۱۵) **تاریخ تک** ٹھیکہ منسوخ ہو سکتا ہے۔

9۔ کامیاب ٹھیکیدار کو دو (2) **ضامن** پیش کرنے ہوں گے جو ٹھیکہ کی رقم کے برابر **غیر منقولہ جائیداد** کے مالک ہوں اور **فرسٹ کلاس مجسٹریٹ** سے تصدیق شدہ ہوں۔

10۔ کامیاب بولی دہندہ **سات** (7) **دن** کے اندر ٹی ایم اے کرک کے ساتھ معاہدہ دستخط کرے گا۔ تمام وفاقی و صوبائی ٹیکس، ڈیوٹیز اور لیویز / انکم ٹیکس ٹھیکیدار خود برداشت کرے گا۔ ٹھیکہ کی رقم میں کسی صورت رعایت یا کمی /REMISSION قابلِ اجازت نہیں۔

11۔ ٹھیکہ کسی دوسرے فریق کو ذیلی ٹھیکے یا منتقل نہیں کیا جا سکتا۔ منظور شدہ نرخنامے سے زائد وصولی پر **گیارہ** (11) **گنا جرمانہ** عائد ہو گا۔ بولیوں میں ہیرا پھیری یا ملی بھگت پر بلیک لسٹنگ اور قانونی کارروائی ہو گی۔

13۔ تنازعہ کی صورت میں **ریجنل میونسپل آفیسر کوہاٹ** بطور ثالث کام کریں گے اور ان کا فیصلہ حتمی ہو گا۔ بولی دہندہ صوبائی حکومت کی شرائط بحوالہ نوٹیفیکیشن نمبر **AOII/LCB/6-11/2026** مورخہ **07-05-2026** کا پابند ہو گا۔

14۔ تمام خواہشمند حضرات / بولی دہندہ گان و دیگر شرائط ٹھیکہ جات اور آن لائن کی طریقہ کار پر کسی بھی قسم کی رہنمائی حاصل کرنے کے لئے دفتری اوقات کار میں تحصیل آفیسر (ریگولیشن)، ٹی ایم اے کرک کے ساتھ رابطہ کر سکتے ہیں۔

CamScanner